ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

تیسرا ون ڈے انٹرنیشنل: پاکستان ویمنز نے نیوزی لینڈ ویمنز کو سپر اوور میں ہرادیا

- سپر اوور میں سعدیہ اقبال کی شاندار بولنگ

کرائسٹ چرچ 18 دسمبر، 2023ء:

پاکستان ویمنز نے نیوزی لینڈ ویمنز ٹیم کو تیسرے اور آخری ون ڈے انٹرنیشنل میچ میں دلچسپ مقابلے کے بعد شکست دے دی۔ یہ میچ ٹائی ہوگیا تھا جس کے بعد سپر اوور میں پاکستان ویمنز نے 3 رنز سے کامیابی حاصل کی جس کا سہرا سپر اوور میں سعدیہ اقبال کی شاندار بولنگ کو جاتا ہے جنہوں نے دو وکٹیں حاصل کرکے پاکستان ویمنز کو جیت سے ہمکنار کردیا۔

یہ محض دوسرا موقع ہے کہ پاکستان ویمنز نے نیوزی لینڈ ویمنز کو ون ڈے انٹرنیشنل میں شکست دی ہے۔ اس سے قبل اس کی واحد کامیابی نومبر 2017 میں شارجہ میں تھی جہاں اس نے ثنا میر کی چار وکٹوں اور بسمہ معروف کے ناقابل شکست 36 رنز کی عمدہ کارکردگی کی بدولت پانچ وکٹوں سے کامیابی حاصل کی تھی۔

نیوزی لینڈ نے موجودہ سیریز دو ایک سے اپنے نام کی ہے۔

یادرہے کہ میزبان ٹیم نے پہلا ون ڈے 131 رنز سے اور دوسرا ون ڈے ایک وکٹ سے جیتا تھا۔

تیسرے ون ڈے انٹرنیشنل میں نیوزی لینڈ ویمنز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 251 رنز بنائے۔

جواب میں پاکستان ویمنز نے 50 اوورز میں 9 وکٹوں پر 251 رنز بنائے۔

سپر اوور میں پاکستان ویمنز نے بغیر کسی نقصان کے 11 رنز اسکور کیے۔

عالیہ ریاض نے ایک چوکے کی مدد سے 8 رنز بنائے فاطمہ ثنا نے 2 رنز اسکور کیے۔

نیوزی لینڈ ویمنز ٹیم سعدیہ اقبال کے سپر اوور میں آٹھ رنز بنا سکی لیکن اس کوشش میں اس کی دونوں بیٹرز ایمیلیا کر اور سوفی ڈیوائن آؤٹ ہو گئیں۔

اس سے قبل نیوزی لینڈ ویمنز کی اننگز کی خاص بات ایمیلیا کر اور میڈی گرین کی عمدہ بیٹنگ تھی۔

ایمیلیا کر نے پانچ چوکوں کی مدد سے 77 رنز بنائے۔ میڈی گرین نے تین چوکوں کی مدد سے 65 رنز کی اننگز کھیلی اور وہ آؤٹ نہیں ہوئیں۔

ایمیلیا اور میڈی گرین نے چوتھی وکٹ کی شراکت میں 70 رنز کا اضافہ کیا۔

کپتان سوفی ڈیوائن نے چار چوکوں کی مدد سے 29 رنز اسکور کیے۔

پاکستان ویمنز کی طرف سے نشرہ سندھو اور غلام فاطمہ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان ویمنز کو منیبہ علی کا 5 رنز کے انفرادی اسکور پر جلد نقصان اٹھانا پڑا۔ سدرہ امین پانچ چوکوں کی مدد سے 24 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔

بسمہ معروف اور عالیہ ریاض نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 101 رنز کا اضافہ کیا۔ عالیہ ریاض چار چوکوں کی مدد سے 44 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔ پلیئر آف دی میچ بسمہ معروف نے ون ڈے انٹرنیشنل میں اپنی 20 ویں نصف سنچری اسکور کی۔ وہ پان چوکوں کی مدد سے 68 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔

کپتان فاطمہ ثنا تین چوکوں کی مدد سے 36 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں تو پاکستان ویمنز کو جیت کے لیے 55 رنز درکار تھے اور اس کی پانچ وکٹیں باقی تھیں۔ اس موقع پر نتالیہ پرویز کے ایک چوکے اور ایک چھکے کی مدد سے 26 رنز اور نجیہہ علوی کے ناقابل شکست 23 رنز پاکستان ویمنز کو جیت کے قریب لے آئے۔

پاکستان ویمنز کو آخری اوور میں جیت کے لیے 8 رنز درکار تھے جبکہ آخری گیند پر جیت کے لیے 2 رنز بنانے تھے تاہم اس گیند پر نیجیہ علوی ایک رن بنانے میں کامیاب ہوسکیں اور یوں یہ میچ ٹائی ہوگیا۔

پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے نیوزی لینڈ کے اس دورے میں تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچوں کی سیریز بھی کھیلی جو اس نے دو ایک سے جیتی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ پاکستان ویمنز نے نیوزی لینڈ کی سرزمین پر ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز جیتی۔

-END-

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial